Global Technology Summit 2022 (November 29 – December 01, 2022)

November 28, 2022

گلوبل ٹیکنالوجی چوٹی اجلاس 2022 (نومبر 29- دسمبر 01، 2022)

نومبر 28، 2022

وزارت خارجہ اور کارنیجی انڈیا کے ذریعہ جیوٹیکنالوجی پر مشترکہ طور پر منعقد کیا جانے والا گلوبل ٹیکنالوجی چوٹی اجلاس (جی ٹی ایس) ہندوستان کی اعلی تقریبات میں سے ایک ہے، جس کا انعقاد 2016 کے بعد سالانہ کیا جا رہا ہے۔

جی ٹی ایس کا 7واں ایڈیشن کا اجلاس 29 نومبر سے 01 دسمبر 2022 کے درمیان نئی دہلی میں مخلوط فارمیٹ میں کیا جائے گا۔ اس سال ہونے والے سربراہی اجلاس کا عنوان ہے "ٹیکنالوجی کی جغرافیائی سیاست"۔

اجلاس کے تین دنوں کے دوران ٹیکنالوجی، حکومت کی سلامتی، خلاء، سٹارٹ اپس، ڈیٹا، قانون، عوامی صحت، ماحولیات کی تبدیلی، تعلیم و تدریسم معاشیات وغیرہ کے بہترین افراد جمع ہوں گے اور ٹیکنالوجی اور اس کے مستقبل کے تعلق سے اہم سوالات پر تبادلہ خیال کریں گے: ٹیکنالوجز کے فائدے اور درپیش چیلنجز، پائیداری، ٹیکنالوجی کے ڈومین میں ابھرتی ہوئی جغرافیائی سیاست، ترقی کا ڈیٹا، اور ہندوستان کے جی 20 کی سربراہی کے لیے خیالات و تصورات۔

جی ٹی ایس 2022 میں +50 پینل مذاکرات کار، 100 سے زائد مقررین شرکت کریں گے، جو اہم خطابات، کتابوں کے رسم اجراء اور دیگر تقاریب میں شامل ہوں گے۔ امریکا، سنگاپور، جاپان، نائجریا، برازیل، بھوٹان، یورپی یونین اور دیگر ممالک کے وزراء اور حکومت کے اعلی عہدیداران بھی اس چوٹی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

جیو ڈیجیٹل اور اس کے اثرات کے موضوع پر وزیر خارجہ ایس جئے شنکر کے افتتاحی خطبہ سے اجلاس کا آغاز ہوگا۔

دنیا بھر سے 5000 سے زائد شرکاء نے چوٹی اجلاس میں شرکت کے لیے رجسٹریشن کرایا ہے۔ ہزاروں لوگوں نے جی ٹی ایس کی ویب سائٹ تک رسائی حاصل کی ہے۔ شرکاء کی ایک بڑی تعداد جی ٹی ایس چوٹی اجلاس کی ویب سائٹ اور کارنیگی انڈیا کے یوٹیوب اور سوشل میڈیا پیجز کے ذریعہ گفتگو میں شریک ہوگی۔

چوٹی اجلاس کے بارے میں مزید معلومات بشمول ایجنڈا اور مقررین اور ورچول طور پر شریک ہونے کے لیے براہ کرم چوٹی اجلاس کے پلیٹ فارم ویب سائٹ وزٹ کریں: www.gts2022.com

نئی دہلی

نومبر 28، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.